# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعتہ المبارک مورخہ 04 اپریل 2025ء بمطابق 05 شوال 1446 ہجری بعد از دوپہر چار بجے منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بابر سلیم سواتی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيمِ۔

وَلَوۡ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمۡ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰـكِنۡ يُّضِلُّ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَهۡدِىۡ مَنۡ يَّشَآءُ O وَلَـتُسۡـئَـلُنَّ عَمَّا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَO وَلَا تَتَّخِذُوۡۤا اَيۡمَانَكُمۡ دَخَلًاۢ بَيۡنَكُمۡ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعۡدَ ثُبُوۡتِهَا وَتَذُوۡقُوا السُّوۡۤءَ بِمَا صَدَدۡتُّمۡ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ O وَ لَـكُمۡ عَذَابٌ عَظِيۡمٌO وَلَا تَشۡتَرُوۡا بِعَهۡدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيۡلًا O اِنَّمَا عِنۡدَ اللّٰهِ هُوَ خَيۡرٌ لَّـكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ۔

(ترجمہ): اگر اللہ کی مشیت یہ ہوتی (کہ تم میں کوئی اختلاف نہ ہو) تو وہ تم سب کو ایک ہی امت بنا دیتا، مگر وہ جسے چاہتا ہے گمراہی میں ڈالتا ہے اور جسے چاہتا ہے راہ راست دکھا دیتا ہے، اور ضرور تم سے تمہارے اعمال کی باز پرس ہو کر رہے گی۔ (اور اے مسلمانو) تم اپنی قسموں کو آپس میں ایک دوسرے کو دھوکہ دینے کا ذریعہ نہ بنا لینا، کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی قدم جمنے کے بعد اکھڑ جائے اور تم اس جرم کی پاداش میں کہ تم نے لوگوں کو اللہ کی راہ سے روکا، برا نتیجہ دیکھو اور سخت سزا بھگتو۔ اللہ کے عہد کو تھوڑے سے فائدے کے بدلے نہ بیچ ڈالو، جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے اگر تم جانو۔

## اراکین کی رخصت

<u>جناب سپیکر:</u> جزاک اللہ جی۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ Leave applications: جناب امجد علی صاحب، سپیشل اسسٹنٹ ٹو سی ایم، آج کے لئے؛ جناب محمد خورشید صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب فیصل علی خان ترکئی صاحب، صوبائی وزیر، آج کے لئے؛ جناب لیاقت علی خان صاحب، سپیشل اسسٹنٹ ٹو سی ایم، آج کے لئے؛ جناب فضل حکیم خان صاحب، صوبائی وزیر، آج کے لئے؛ جناب ارشد ایوب خان صاحب، صوبائی وزیر، آج کے لئے؛ جناب محمد رشاد خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب انور زیب خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب زاہد چن زیب صاحب، ایڈوائزٹو سی ایم، آج کے لئے؛ جناب محمد ریاض صاحب، (PK-95)، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب اختر خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب حمید الرحمان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب شرافت علی صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب محمد اقبال خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ مخدوم زادہ محمد آفتاب حیدر صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب خلیق الرحمان صاحب، صوبائی وزیر، آج کے لئے؛ سید فخر جہان صاحب، صوبائی وزیر، آج کے لئے؛ جناب اکبر ایوب خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب مشتاق احمد غنی صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب محمد یامین صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب رجب علی عباسی صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب کرامت اللہ خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے؛ جناب سلطان روم خان صاحب، ایم پی اے، آج کے لئے۔

Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The leave is granted.

## مسند نشین حضرات کی نامزدگی

<u>Mr. Speaker:</u> Item No. 03. 'Panel of Chairmen': In pursuance of sub-rule (1) of rule 14 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby nominate the following Members, in order of priority, to form a 'Panel of Chairmen' for the current session:

(1). Mr. Taj Muhammad Khan;
(2). Mr. Sher Ali Afridi;
(3). Mr. Daud Shah Afridi; and

(4). Arbab Muhammad Usman.

## عرضداشتوں کے بارے میں کمیٹی کی تشکیل

Mr. Speaker: Item No. 4 'Committee on Petitions': In pursuance of rule 116 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby constitute a 'Committee on Petitions' comprising the following Members, under the Chair of Ms. Suriya Bibi, honourable Deputy Speaker:

(1) Mr. Taj Muhammad Khan;
(2) Mr. Fateh-ul-Mulk Ali Nasir;
(3) Mr. Abdul Ghani;
(4) Mr. Iftikhar Ahmad Khan Jadoon;
(5) Mr. Muhammad Khursheed; and
(6) Mr. Adnan Khan.

جناب ہمایون خان (معاون خصوصی جیل خانہ جات): جناب سپیکر، کاٹلنگ میں بہت ظلم ہوا ہے، مرحومین کے لئے دعا فرمائیں۔

جناب سپیکر: ضرور جی۔ قادری صاحب، فضل الٰہی خان، کاٹلنگ میں جو مظلوم ڈرون حملے میں بے گناہ شہید ہوئے ہیں، آپ دعا کرتے ہیں؟ دعا کریں جی، آپ دعا کریں، ان کے لئے دعا کریں۔

جناب فضل الٰہی: میں بات کروں سپیکر صاحب؟

جناب سپیکر: ابھی دعا کر لیتے ہیں، دعا کر لیں کاٹلنگ کے شہداء کے لئے۔

(اس مرحلہ پر مرحومین کے لئے دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: اس پہ بعد میں بات کرتے ہیں، میں ایجنڈا لے لوں، ایجنڈے کو جلدی جلدی سے Sum up کر لیتے ہیں، اتنا لمبا ایجنڈا نہیں ہے، پھر اس پہ سیر حاصل گفتگو آپ بے شک کریں۔

## توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: Item No. 6 'Call Attention Notices': Mr. Arbab Muhammad Usman Khan, MPA, to move his call attention notice No. 219, in the House. Mr. Arbab Muhammad Usman Khan, MPA, please.

ارباب محمد عثمان خان: شکریہ سپیکر صاحب، میں مشکور ہوں ڈیپارٹمنٹ کا اور منسٹر ہیلتھ کا کہ انہوں نے مجھے Briefly بتایا ہے کہ جو Intent اس کال اٹنشن کا تھا، تو یہ بڑا ایشو آ رہا ہے کہ ہم اربوں روپے لگا رہے

ہیں لیکن Basically ہمیں پختونخوا میں نقلی دوائیاں جو بنائی جا رہی ہیں، ان کی ریگولیشن کا پتہ نہیں ہے اور جو لوگ ان کو Use کرتے ہیں تو اس میں ہمیں پتہ نہیں چلتا اور اکثر پھر اس میں Instead of prevention, we go toward operation اور کافی زیادہ فنانشل ان چیزوں کا Loss ہوتا ہے، تو انہوں نے مجھے اس میں بریف دیا ہے کہ Already اس میں کام ہو رہا ہے اور میری Intention اس میں صرف یہ تھی کہ Practically اسے کیسے Employ کیا جا رہا ہے، At the retail sector وہ انہوں نے یقین دہانی کرائی ہے کہ اس پہ بیٹھ جائیں گے اور اگر پھر بھی اس میں کوئی بات ہے تو میں یہ Reserve کرتا ہوں، اس کو دوبارہ ٹیبل کریں گے لیکن فی الحال میں اس کو اس کنڈیشن پہ Withdraw کر رہا ہوں۔

Mr. Speaker: Ms. Rehana Ismail, MPA, to please move her call attention notice No. 231, in the House. Ms. Rehana Ismail, MPA, please.

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جناب سپیکر، اس کال اٹنشن سے پہلے مجھے ایک نوٹس ملا ہے آپ کی طرف سے، اگر اجازت ہو تو میں اس پہ تھوڑی بہت بات کر لوں؟

جناب سپیکر: آپ کو کوئی اور نوٹس ملا ہے؟

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جی، آپ کی طرف سے نوٹس ملا ہے۔

جناب سپیکر: میری طرف سے؟

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جی، میں نے ایک ایڈجرنمنٹ موشن جمع کی تھی، اس میں مجھے جواب ملا ہے۔

جناب سپیکر: اس پہ پہلے بات کر لیں، پہلے اس کو لے لیں۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: پھر اس میں بھی ایک دو منٹ اگر مجھے اجازت مل جائے تو۔

جناب سپیکر: وہ سیکرٹریٹ لیول کی بات ہے، چیمبر میں اس پہ ہم بات کر لیں گے۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: چلیں ٹھیک ہے جی، جس طرح آپ کی مرضی ٹھیک ہے جی۔ جناب، یہ میں نے کال اٹنشن دیا تھا، میں وزیر برائے محکمہ بلدیات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتی ہوں، وہ یہ ہے کہ صوبہ بھر اور بالخصوص پشاور میں گھریلو صارفین کے استعمال کے لئے سوئی گیس کو پلاسٹک کے تھیلوں میں جمع کر لیتے ہیں اور پھر لوڈ شیڈنگ کے اوقات میں گیس کو استعمال میں لایا جاتا ہے جو کہ انتہائی خطرناک ہے۔ ان شاپرز میں ایک بڑی سائز کے سلنڈرز سے کئی گناہ زیادہ مقدار میں گیس بھری جاتی ہے جو

کہ گھروں کے اندر کی چھتوں، گیراج یا بالکونی میں رکھی جاتی ہے، چونکہ یہ صرف اس گھر کے لئے نہیں بلکہ آس پاس کے تمام گھروں کو انتہائی خطرناک صورت حال میں ڈالنے اور ایک خودکش دھماکے کے مترادف ہے۔

جناب، آپ کو پتہ ہے، ہمارے صوبے کے حالات، پھر یہاں پر مجبوریاں اتنی ہیں، غربت ہے لیکن اس غیر قانونی کام کے لئے لوگ مجبور ہیں لیکن میں چاہتی ہوں کہ اس میں انتظامیہ حرکت میں آئے، پہلے Awareness program چلائے کہ یہ کتنا خطرناک ہے، نہ صرف اس گھر کے لئے بلکہ آس پاس کے لوگوں کے لئے یہ تیار بم اپنے گھروں میں لگائے بیٹھے ہیں، تو اس سلسلے میں انتظامیہ کیا کچھ کر رہی ہے، نہیں کر رہی ہے یا خاموشی ہے، کچھ نہ کچھ تو اس سلسلے میں پیش رفت ہونی چاہیئے۔ ایک تو لوڈشیڈنگ کا اتنا بہت بڑا مسئلہ ہے کہ عوام مجبور ہو گئے ہیں، کبھی گیس پہ وہ پریشر پمپ لگاتے ہیں، کبھی ہم اس طرح۔۔۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے۔۔۔۔۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جی ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: آپ کی یہ بات آ گئی ہے، لوڈشیڈنگ ایک دوسرا مسئلہ ہو جائے گا۔ جناب وزیر قانون صاحب، کون ریسپانڈ کرے گا؟ ارشد ایوب خان تو آج چھٹی پہ ہیں۔

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): جی میں کروں گا۔

جناب سپیکر: Okay. جناب آنریبل منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: شکریہ، جناب سپیکر۔ جو محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ نے کال اٹنشن کی طرف توجہ دلائی ہے اور ظاہری بات ہے کہ یہ بہت ہی ایک Sensitive issue ہے اور اس حوالے سے Already ہماری پشاور ایڈمنسٹریشن جو ہے، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن، انہوں نے دسمبر میں ایک نوٹی فلیکیشن جاری کیا تھا، ہو سکتا ہے یہ ان کو Provide کیا گیا ہو اس حوالے سے کہ جتنے بھی یہ شاپنگ بیگز ٹائپ کے وہ شاپرز ہیں، جن میں وہ گیس بھری جاتی ہے تو اس پہ پابندی لگائی گئی تھی اور اس حوالے سے دفعہ 144 کو بھی نافذ کیا گیا تھا، تو اس حوالے سے کافی جہاں پہ Potential sale points ہیں اور ان پہ Raids وغیرہ بھی ہوئے ہیں لیکن As such، کارروائی اس حد تک ہوئی ہے۔ باقی جناب سپیکر، یہ تو جہاں سے لوگ گیس بھرتے ہیں، وہ ان کا گھر ہی ہوتا ہے، وہ ادھر ہی Valve سے وہ گیس بھر لیتے ہیں اور جو لوڈ مینجمنٹ کے ٹائم پہ جس ٹائم گیس

بند ہو جاتی ہے تو اس ٹائم وہ پھر اس کو Consume کرتے ہیں، تو اس کی As such روک تھام تو ایک Social اور Public awareness سے ہی آ سکتی ہے کہ یہ بڑا خطرناک ہے اور اس سے نقصان ہو سکتا ہے۔ باقی ایڈمنسٹریشن اپنے لیول پہ اس کے اوپر جہاں تک اس کے شاپنگ بیگز یا وہ Facility ہے جس میں گیس بھری جاتی ہے تو اس پہ کریک ڈاؤن کر سکتی ہے اور اپنے لیول پہ وہ کر بھی رہی ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> کتنا ایک اس پہ فرق پڑا ہے؟ ان شاپروں کو آپ سیاسی ورکرز Declare کیوں نہیں کرتے تاکہ یہ ایک دم پکڑے جائیں؟

<u>وزیر قانون:</u> (قہقہہ) اس بات میں تو وزن ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> دیکھیں، یہ بڑی Alarming ہے، دیکھیں گھروں میں بچے ہیں، ہماری بچیاں ہیں، خواتین ہیں، بزرگ ہیں، تو یہ تو انتہائی Dangerous کھیل ہے، تو اس پہ کم از کم ایڈمنسٹریشن کو کچھ سخت قسم کی ہدایت دیں تاکہ وہ اس پہ کوئی عمل درآمد کر سکے اور لوگوں کی سیفٹی اس سے ہو سکے تاکہ آنریبل جو ایم پی اے صاحبہ ہیں جنہوں نے یہ توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا ہے، ان کو بھی کوئی اطمینان ہو کہ جو میں نے بات کی ہے، اس پہ کوئی اثر بھی ہو رہا ہے۔

<u>وزیر قانون:</u> سپیکر صاحب، Basically issue یہ ہے کہ ایس این جی پی ایل کی طرف سے جو یہ لوڈ مینجمنٹ کے نام پہ وہ گیس بند کر لیتے ہیں، یہ بڑا Alarming issue ہے کیونکہ ہمارا پراونس جو ہے وہ Producing province ہے، یہاں پہ گیس کی پروڈکشن ہوتی ہے، آئل اینڈ گیس کی Facilities ہیں ہمارے پاس، خاص طور پر ہمارے سدرن ڈسٹرکٹس میں اور ہم صوبہ (ہوتے ہوئے) میرے خیال میں ڈبل سے بھی زیادہ، اپنی Requirement کے ڈبل سے بھی زیادہ ہم Produce کرتے ہیں جو کہ Surplus fifty percent سے زیادہ ہم وفاق کو اور باقی صوبوں کو دیتے ہیں، تو میرا ماننا ہے چونکہ یہ ایس این جی پی ایل فیڈرل سبجیکٹ ہے تو اس پہ As such صوبے کی اس طریقے سے دسترس نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ Marketing companies ہیں، سر، میری عرض سمجھیں، جو حکومتوں کو بے وقوف بنا رہی ہیں، ان کے ساتھ بیٹھ کر کوئی سنجیدہ ڈائیلاگ کریں، ان Marketing companies کو کسی Limitation کے اندر لائیں، یہ ادارے، تو ہمیں تو یہی رونا ہے کہ یہ ادارے کھیل رہے ہوتے ہیں پبلک کے ساتھ بھی اور گورنمنٹ کے ساتھ بھی۔۔۔۔

<u>وزیر قانون:</u> سپیکر صاحب، یہی اسی۔۔۔۔

جناب سپیکر: اور پھر ہم کہہ دیتے ہیں کہ یہ فیڈرل سبجیکٹ ہے، ایسی بات بھی نہیں ہے۔

وزیر قانون: اسی پوائنٹ پہ میں آرہا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پیسے کمانے کے لئے یہ تگڑے ہیں۔

وزیر قانون: کیونکہ محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ کی طرف سے یہ Point raise کیا گیا ہے، تو یہ Issue basically یہی ہے کہ وہ لوڈ شیڈنگ یہاں پہ کیوں کر رہے ہیں ہمارے صوبے میں؟ اور بلاوجہ کر رہے ہیں، لوگوں کو تنگ کر رہے ہیں، لوگوں کو اس بات پہ مجبور کیا جارہا ہے کہ وہ ایل پی جی سیلنڈر استعمال کریں اور جس سے کافی حادثات ہوئے بھی ہیں اور ہونے کا خدشہ بھی ہے اور لوگوں کو بلاوجہ ان کی جیبوں پہ بوجھ ڈالا جارہا ہے۔

جناب سپیکر: اس کا کوئی ایسا حل نکالیں، Administratively ایسا کوئی حل نکالیں، بٹھائیں ان کو، ان کے ساتھ کچھ چیزیں طے کریں تاکہ لوگوں کے لئے آسانیاں ہوں۔ جی محترمہ۔

وزیر قانون: محترمہ کو ہماری یہی ریکویسٹ ہے کہ وہ اپنی پارٹی سے یہ ریکویسٹ کریں کیونکہ ان کی فیڈرل میں گورنمنٹ ہے، ہمارے تقریباً تمام یہاں پہ جتنے بھی اپوزیشن کے ممبرز بیٹھے ہوئے ہیں تو وہ اپنی پارٹیز سے اپنے لیول پہ وہ وہاں Agitate کریں، پوائنٹ کو Raise کریں کہ ہمارے صوبے میں، کیونکہ سرپلس ہماری پروڈکشن ہے اپنی یوٹیلیٹی سے، تو Kindly یہ لوڈ شیڈنگ یہاں پہ نہ کریں، اس کا کوئی جواز نہیں بنتا۔

جناب سپیکر: آپ جو شاپروں والی بات ہے، اس پہ یہ ہدایت کر دیتے ہیں ڈپٹی کمشنرز کو اور ان کو۔

وزیر قانون: سپیکر صاحب، میری ریکویسٹ ہے کہ اس میں جو ہمارے پراونس لیول پہ جو Deal کرتے ہیں، جو ان کے جی ایم ہیں، ایس این جی پی ایل کے۔۔۔۔

جناب سپیکر: سر، جی ایم نہیں، آپ اس کے ایم ڈی کو طلب کریں، اس کے چیف ایگزیکٹیو کو طلب کریں، آپ کر سکتے ہیں ناں، آپ کیوں نہیں کرتے، آپ ان کو طلب کریں، یہ جواب دیں کہ ان کی پروڈکشن کتنی ہے؟ آپ کا شیئر کتنا بنتا ہے؟ اور یہ شیئر آپ کو کیوں نہیں مل رہا؟

وزیر قانون: سر، ایم ڈی کو تو آپ طلب کریں، یہاں پہ وہ ہمیں جواب دیں کہ یہ لوڈ شیڈنگ کیوں کر رہے ہیں؟ اور جو ہماری پروڈکشن ہے اور یوٹیلیٹی ہے، وہ تو سب کے سامنے ہے، وہ تو ڈیپارٹمنٹ سے ابھی ہم وہ کر سکتے ہیں۔

جناب سپیکر: میرا خیال ہے کہ اس بات کو سمیٹتے ہیں، یہ بہت آگے چلی جائے گی۔ جی، لالا کا مائیک On کریں، رنگیز خان کا۔

جناب رنگیز احمد (معاون خصوصی برائے ٹرانسپورٹ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سر، یہ جو کوئسچن آیا ہے، یہ دراصل لوکل گورنمنٹ کا نہیں ہے، یہ تو اوگرا(OGRA) کا کام ہے یا جو ایل پی جی کا کام ہے، تو یہ اوگرا Regulate کرتا ہے اس کو، Oil and Gas Regularity Authority کی جو کمپنی ہے یا کم از کم Distributers ہیں یہاں پہ، ان پہ پابندی لگانی چاہیئے کہ کیوں اس شاپر میں گیس بھرتے ہیں، ان کے اوپر پابندی لگائیں، یہ اتنا بڑا ایشو نہیں ہے، ٹھیک ہے سوئی گیس بھی ہے اور یہ سلینڈر گیس بھی ہے، چونکہ (خاموشی) سوئی گیس هم دغه کوی هغې کښې، سر، ایسا ہے کہ چھوٹے سلینڈر مارکیٹ میں دستیاب ہیں، ایک کلو سے لے کر پانچ چھ کلو تک، تو اگر کسی نے گیس بھرنی ہے تو چھوٹے سلینڈروں میں بھریں، یہ شاپر کے اوپر سختی سے پابندی لگانی چاہیئے اور یہ ڈسٹرکٹ مینجمنٹ کا کام ہے کہ ان کو آپ کہہ دیں کہ شاپر میں کوئی گیس نہ بھریں تو تب ہی جا کر یہ مسئلہ حل ہو گا ان شاء اللہ۔

جناب سپیکر: پیر مصور صاحب، اچھا، یہ بات بڑی لمبی ہو گئی، جی۔

جناب مصور خان (معاون خصوصی برائے موسمیاتی تبدیلی، جنگلی حیات و ماحولیات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب، اصل میں بات یہ ہے کہ میڈم نے جو کوئسچن اٹھایا ہے، وہ یہ ہے کہ لوگ گھروں میں شاپر میں گیس بھر رہے ہیں۔ اصل میں اس کا میرے خیال سے یہ ہے کہ باہر سے شاپر میں لے کر جاتے ہیں، سر، اس کی ضرورت کیوں آئی؟ اس کی ضرورت اس لئے آئی کیونکہ گیس کی لوڈشیڈنگ بے انتہا زیادہ ہو گئی ہے، اگر اس کے کنٹرول۔۔۔۔

جناب سپیکر: داؤد شاہ، آپ نے اگر کوئی بات کرنی ہے تو لابی میں کریں۔

معاون خصوصی برائے موسمیاتی تبدیلی، جنگلی حیات و ماحولیات: سپیکر صاحب، میری اپنی ایک رائے ہے اور میرے خیال سے سارا ایوان بھی میری یہی رائے سے متفق ہو گا کہ ہم اس طرح کرتے ہیں کہ یہ جو ہمارا ادھر سوئی گیس کا ایم ڈی ہے یا ڈی جی ہے، اس کو بلانا چاہیئے اسمبلی میں، کیونکہ ہمارے پاس یہ نہیں آ رہا ہے، یہ وفاق کے ساتھ آ رہا ہے، تو ہمارے پاس یہ Option ہے، جس طرح ہم نے واپڈا والوں کو ایک دو دفعہ ادھر بلایا تھا، اس طریقے سے ہم اس کو بلالیں اور اس کو سمجھا دیں کہ چلو سردیوں میں تو آپ لوگ لوڈشیڈنگ کر سکتے ہیں کیونکہ گیس کی لوڈشیڈنگ ہوتی ہے، گیس کم ہوتی ہے لیکن اس ٹائم ضرورت کیا ہے

کہ اس ٹائم بھی لوڈشیڈنگ کر رہے ہیں سوئی گیس کی، اور میڈم جو کہہ رہی ہیں کہ شاپر میں لوگ گیس گھروں میں ڈالتے ہیں تو یہ باہر سے نہیں لے کر جاتے، اپنے گھروں میں انہوں نے شاپرز رکھے ہیں، ٹینکی رکھی ہوئی ہے، اس لئے کہ وہ ادھر گیس سٹور کرتے ہیں اور بعد میں وہ اپنے استعمال میں لا سکتے ہیں، تو اس کو تو میری ایک درخواست ہے، سارے ایوان سے، اور اس میں میرے خیال سے یہ بھی متفق ہوں گے کہ سوئی گیس (سربراہ) کو جو ادھر KP کو Deal کر رہا ہے، اس کو بلالیں اسمبلی میں، اور اس پہ آپ نے ایک قرارداد پیش کرنی ہے یا جو بھی ہے وہ کریں گے لیکن وہ بلانا بہت ضروری ہے کیونکہ لوڈشیڈنگ انتہا پہ چلی گئی ہے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> شاہ جہان یوسف صاحب، آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں؟ شاہ جہان یوسف صاحب، بات کرلیں۔

<u>سردار شاہ جہان یوسف:</u> تھینک یو، جناب سپیکر۔ جو کونسچن ہے وہ کافی سیریس ہے اور اس پہ جو کال اٹنشن ہے، منسٹر صاحب نے بھی اپنا جواب دیا لیکن اس میں بات یہ ہے کہ یہ جو شاپرز ہیں، میرا تو ایک کونسچن یہ بھی ہوگا منسٹر صاحب سے کہ آیا گورنمنٹ نے جو کریک ڈاؤن کیا تو اس میں وہ شاپرز کونسے ہیں؟ ان کا سٹینڈرڈ کیا ہے؟ یا عام شاپرز میں کرتے ہیں یا لوگ Balloons میں کرتے ہیں؟ یہ تو ہم نے پہلی دفعہ سنا ہے کہ اس طرح کی وہ جو سوئی گیس جب آتی ہے تو پھر وہ Storage کی جاتی ہے، پھر اس کو Utilize کیا جاتا ہے، تو یہ انتہائی Dangerous اور بڑا خطرناک ہے، یہ بڑی سنجیدگی کی بات ہے۔ دوسری بات جو ہے کہ گیس ڈیپارٹمنٹ سے بات بھی کی جاسکتی ہے، ہم ممبران کی کمیٹی بھی ہے پاور کی، تو منسٹر صاحب، سپیکر صاحب کی جو انسٹرکشن ہوگی تو ضرور اس پہ بات ہو لیکن یہ جو لوڈشیڈنگ ہے گیس کی، یہ تو اسلام آباد میں بھی ہوتی ہے، ہم "کے پی ہاؤس" میں رہتے ہیں، وہاں پہ گیس نہیں ہوتی، سردیوں میں نہیں تھی، یہ ایشو جو بنتا ہے وہ ہمارا جہاں پہ Concern ہوتا ہے کہ وہاں آیا دوسرے صوبوں میں بھی اس طرح کا پروسیجر ہے، وہ ہو رہا ہے کہ نہیں ہو رہا؟ اگر یہاں پشاور میں ہو رہا ہے کیونکہ مانسہرہ میں اس طرح کا میں نے نہیں سنا کہ کسی جگہ ہوا ہے، وہاں پہ الحمد للہ گیس بھی ہے کیونکہ وہاں لوڈشیڈنگ کم ہوتی ہے، پنڈی میں زیادہ ہوتی ہے، پشاور میں زیادہ ہوتی ہے لیکن وجہ یہ ہے کہ میرے لئے یہ Concern ہے، اس ہاؤس کے لئے بھی کہ یہ اس طرح کا ایشو، جو اس طرح کے حالات ہیں، اس میں انتہائی خطرناک اور انتہائی Dangerous ہیں لوگوں کے لئے بھی اور پھر اگر وہ شاپرز استعمال ہوتے ہیں تو وہ کس سٹینڈرڈ کے استعمال ہوتے ہیں، اس کا میں ریسپانس چاہوں گا منسٹر صاحب سے۔

جناب سپیکر: آنریبل منسٹر صاحب، آپ ایک دو چیزیں ہمیں ہاؤس کو Ensure کرادیں، اس لمبی بحث میں نہیں جاتے، وہ بعد میں ہم دیکھ لیں گے، اگر ہم نے یہاں طلب کرنا ہے، ہم ان کو یہاں طلب کرلیں گے اور اگر گورنمنٹ نے اپنے End پہ دیکھنا ہے تو پھر آپ لوگ اسے طلب کریں گے، ٹھیک ہے، ہمیں کوئی ایشو نہیں، ہم ان شاء اللہ جب چاہیں گے انہیں طلب کرلیں گے، جب آپ لوگوں کی خواہش ہوگی، شاپروں کے اوپر آپ ایک مرتبہ پھر کریک ڈاؤن کرائیں، اس کو آپ ہمیں Ensure کرائیں تاکہ ہماری عورتیں بچے اور یہ لوگ محفوظ رہیں۔

جناب آفتاب عالم آفریدی (وزیر قانون): بالکل سر، میں Ensure کراتا ہوں کہ جو شاپر کے Sale points ہیں، جتنے بھی ہیں، ان پہ خاص طور پہ نظر رکھی جائے، اس کے اوپر کریک ڈاؤن کیا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ، چونکہ میں اس کے اوپر بہت لمبی ڈسکشن میں نہیں جانا چاہ رہا تھا۔۔۔

جناب سپیکر: بس ٹھیک ہے، بہت ہو گیا۔۔۔

وزیر قانون: حالانکہ یہ Basically جو ایشو ہے وہ لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے ہی ہے، تو اس کے اوپر اگر ہمارے اپوزیشن کے جو ممبرز ہیں، وہ اپنی پارٹی سے جو ان کی برسر اقتدار ہے، اس سے بات کرلیں، باقی ایم ڈی صاحب جو ہیں ان کو میری Suggestion یہ ہے کہ اس کے اوپر ایک ریزولیوشن آجائے، ہماری پراونشل ادھر ٹریژری سے، بلکہ پورے ہاؤس سے کہ ہمارے صوبے میں چونکہ ہم Surplus production کرتے ہیں تو ہمارے صوبے میں لوڈ شیڈنگ نہ کی جائے۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جناب سپیکر، یہاں ہم جو Matters لے کر آتے ہیں وہ اس صوبے سے Related ہوتے ہیں، اگر فیڈرل گورنمنٹ اس میں ملوث ہے تو یہاں پر گورنمنٹ کس چیز کی ہے؟ یہاں کا Right لے کر آنا آپ کی ذمہ داری ہے، ہم یہاں پر جو کچھ بھی لے کر آتے ہیں وہ اسی طرح شاپر میں آپ لوگ باندھ کر ہواؤں میں اڑا دیتے ہیں کہ بھئی یہ تو Federal matter ہے، اس سے ہمارا کوئی سروکار نہیں ہے، یہ بات آپ نہیں کرسکتے ہیں کہ یہ صوبہ آپ نے چلانا ہے، یہاں پہ لوڈ شیڈنگ ہے، گیس نہیں ہے، سی این جی نہیں ہے، یہ آپ لوگوں کا کام ہے کہ یہاں پہ Provide کریں، یہاں پر جو Illegal Activity ہے اس کو کنٹرول کرنا ہے اور انتظامیہ آپ کے پاس ہے، یہ سب مینجمنٹ آپ

لوگوں کا کام ہے اور ہم آپ سے اس کی ریکویسٹ کرتے ہیں کہ آپ لوگوں نے کرنا ہے، کسی فیڈرل گورنمنٹ پہ ڈال کر خود بری الذمہ نہیں ہو سکتے۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: میں بات کرتا ہوں اس پہ، دیکھیں صوبے کے اندر حکومت ہے، اٹھارہویں ترمیم کے بعد بہت بڑے اختیارات صوبوں کے پاس ہیں، بہت سارے محکموں کے، تو صوبے کی حکومت کسی بھی ادارے کے ساتھ Negotiate کر سکتی ہے اور اس کے ساتھ بات کر سکتی ہے، تو جو چیز ہے وہ ان شاء اللہ Take-up کریں گے، انہوں نے Ensure کرادیا ہے، اس کو بھی ایڈریس کر دیں۔

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا معلومات تک رسائی مجریہ 2025ء کا ایوان میں متعارف کرایا جانا

Mr. Speaker: Item No 7. ‘Introduction of Bill’: The Minister for Law, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Right to Information (Amendment) Bill, 2025, in the House. Minister for Law, please.

Mr. Aftab Alam Afridi (Minister for Law): Thank you, Mr. Speaker. I intend to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Right to Information (Amendment) Bill, 2025, in the House.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

## مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا عدالتی افسران کا فلاحی فنڈ مجریہ 2025 کا ایوان میں متعارف کرایا جانا

Mr. Speaker: Item No 8. ‘Introduction of Bill’: The Minister for Law, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Judicial Officers Welfare Fund Bill, 2025, in the House. Minister for Law, please.

Minister for Law: Thank you, Mr. Speaker. I wish to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Judicial Officers Welfare Fund Bill, 2025, in the House.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

## مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا معدنیات و کان کنی مجریہ 2025 کا ایوان میں متعارف کرایا جانا

Mr. Speaker: Additional agenda item No 9. ‘Introduction of Bill’: The Minister for Law, to please introduce the Khyber

Pakhtunkhwa, Mines and Minerals Bill, 2025, in the House. Minister for Law, please.

جناب شکیل احمد: سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی شکیل خان۔

جناب شکیل احمد: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: شکیل خان کا مائیک On کر دیں، Introduction کے بعد بات کرتے ہیں یا پہلے کرتے ہیں؟

جناب شکیل احمد: تھینک یو سپیکر صاحب، یہ ایک ایڈیشنل ایجنڈا آئٹم آگیا، The Khyber Pakhtunkhwa, Mines and Minerals Bill, 2025. اگر اجازت ہو تو میں اس پر مختصر بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: شکیل خان، اگر اس کو Introduce کرادیں اور اس کے بعد آپ بات کرلیں۔

جناب شکیل احمد: ٹھیک ہے سر۔

جناب سپیکر: اس میں کوئی حرج تو نہیں ہے نا۔

جناب شکیل احمد: ٹھیک ہے، آپ کی مرضی سر۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، Introduction کے ٹائم پہ Usually، دیکھیں مجھے Introduce کرانے دیں، Introduce کرالیتے ہیں، اس کے بعد بے شک آپ، چلیں پہلے آپ بات کرلیں، ٹھیک ہے۔

جناب شکیل احمد: سر، مجھے ذرا موقع دیں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے وزیر صاحب، آپ بھی بات کرلیں، آپ بھی بات کرلیں۔

جناب شکیل احمد: زه خبره کوم۔ اعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپيکر صاحب، دا نن چې کوم ايډيشنل ايجنډا آئټم راغلے دے، مائنز منرلز ايکټ، 2025 بل کښې امنډمنټ، زه د دې په Background باندې مختصر خبره کوم۔ د ټولونه اولنئی خبره زه دا کوم چې دا اداره SIFC (*Special Investment Facilitation Council)* چا جوړه کړې ده؟ هغه وزير اعظم جوړه کړې ده چې هغه په فارم سينتاليس باندې راغلے دے، د هغه مينډيټ جعلی دے، د هغه آئينی او قانونی حيثيت نيشته او دويم د هغه سره شوک دے؟ هغه ريټائرډ

جرنیل کوم چې په 24 نومبر 2022 باندې ریټائرډ شوے وو او د دې ملک آرمی چیف جنرل باجوه په 27 نومبر 2022 باندې ریټائر شوے وو او هغه ریټائرډ جرنیل نن زما د فوج د سپه سالار په مورچې او په کرسئی باندې ناست دے۔ دا اداره غیر آئینی ده، دا غیر قانونی ده، دا غیر اخلاقی ده، د دې هیڅ آئینی او قانونی او اخلاقی جواز نیشته او بیا SIFC جوړه شوې د څه د پاره ده؟ Special Investment Facilitation Council چې دلته کوم Direct investment راځی، د هغې Facilitation د پاره، نو زما اولنے سوال دا دے چې په 2023 کښې دا اداره جوړه شوې ده، نن 2025 دے، دوه کاله اوشول، څومره Direct investment دلته راغلے دے؟ د هغې ډیټا دې پبلک کړے شی او چې کله زما So called elite class، اشرافیه چې په هغې کښې زما پرائم منسټر شامل دے، په هغې کښې د دې ملک پریزیډنټ شامل دے، په هغې کښې زما Interior Minister شامل دے، په هغې کښې فنانس منسټرشامل دے، په هغې کښې فارن منسټر شامل دے، په هغې کښې د سپریم کورټ ججان شامل دی، په هغې کښې د فوج جرنیلان شامل دی چې د هغوی خپل Investment، خپله پراپرټی په بهر ملک کښې پراته وی (تالیاں) نو دا به کوم پاګل سړے وی چې هغه به دلته Investment راؤړی؟ دا اصل کښې د دې ملک په وسائلو باندې د قبضې یو سازش دے۔ جناب سپیکر، دویم پوائنټ زما دا دے چې د Eighteenth Amendment نه پس ډیر ډیپارټمنټس او Powers decentralized شوی دی، Devolved شوی دی، Provincial autonomy ملاؤ شوې ده، دا ایکټ د صوبائی خودمختارئ Against دے، دا د آئین پاکستان Against دے، زه حیران په دې یم چې دا کیبینټ Approve کړے څنګه دے او په دې اسمبلئ کښې ټیبل شوے څنګه دے؟ دا خو شلول غواړی او ردی ټوکرئ ته، ډسټبین ته غورزول غواړی (تالیاں) اوجناب سپیکر، بیا SIFC دے څه شے؟ دیکښې Major shareholders چې دی هغه ملټری اسټیبلشمنټ دے، نن پینځه پرائیویټ لیمټډ کمپنئی جوړې شوې دی د مائنز اینډ منرلز د پاره، د ایګریکلچر د پاره، د ټورازم د پاره، د آئل اینډ ګیس د پاره، آیا د فوج کار دا دے که د فوج کار زما د باړډر سیکیورټی ده، ماله امن راکول دی؟ نن زما جماتونه محفوظ

نه دی، نن زما کور محفوظ نه دے، نن زمونږ حجرې بازارونه محفوظ نه دی، نن د دې قوم مشران قتل کیږی، نن د دې ملک عالمان قتل کیږی او دا کوم ډرون اټیک چې په کاټلنگ کښې هغه بله ورځ شوے دے، د دې نه شرم ناکه واقعه نور څه کیدے شی؟ (تالیاں) دا Intelligence failure دے، (تالیاں) دوئ دې په خپل کار باندې فوکس اوکړی، د ده چې کوم آئینی ډومین دے د هغې دننه دې کار اوکړي۔ زما دا ریکویسټ دے جناب سپیکر، چې مونږ ډیر وهل اوخوړل، د پښتنو ډیر قتل عام اوشو او زمونږ د خپلو ادارو د لاسه اوشو، نن په دې ملک کښې که دهشت گردی ده، که په دې ملک کښې غربت دے، که په دی ملک کښې بدامنی ده، د هغې صرف یوه اداره ذمه داره ده چې هغه زمونږ پاک فوج دے، فوج اداره مونږ Own کوؤ، مونږه ئے احترام کوؤ خو د هغې د جرنیلانو د فیصلو سره مونږ اختلاف کوؤ۔ نن که په دې ملک کښې Terrorism دے، دهشت گردی ده، مری د فوج ځوانان او لاندې کرنل رینک پوری افسران، او عیاشی او مزې څوک کوی؟ هغه بریگیډیئر او د بریگیډیئر نه بره رینک جرنیلان۔ جناب سپیکر، زه ډیر په احترام او په ادب سره چې دا څیز چونکه د مائنز اینډ منرلز منسټر نشته، دا منسټری د چیف منسټر سره ده، نو عموماً چې منسټر نه وی نو هغه Bill present کوی لاء منسټر، نو لاء منسټر صاحب ته به زما دا ریکویسټ وی چې دا Bill بالکل مه Present کوه او زه یو خبره کوم، که دا غلطی مونږ اوکړه، د چا د خواهشاتو، د چا د مفاداتو په بنیاد، نو زمونږ قوم، زمونږ بچی، زمونږ نسلونه او تاریخ به مونږ چرته معاف نه کړی۔ آیا که زما په مائنز منرلز ایکټ کښې Flawsوی نو هغه د پراونشل گورنمنټ خپل لیول دے، په هغې کښې ریفارمز او په هغې کښې امنډمنټ دې راؤړی، (تالیاں) د هغې د پاره دې یو ټاسک فورس جوړ کړی، هغې کښې دې هغه خلق واخلی چې د هغې Expertise وی، چې دې صوبې ته هم مالیاتی فائده اوشی او د دې صوبې عوامو ته هم مالیاتی فائده اوشی۔ د دې نه مخکښې جناب سپیکر، زه دا بل یو ډیمانډم هم کوم، زه ریکویسټ کوم صوبائی حکومت ته چې دلته کوم کیئر ټیکر گورنمنټ وو، صوبائی کیئر ټیکر گورنمنټ چې کوم نگران حکومت چې وو، د هغې ډومین او مینډیټ صرف دا وو او دا دے چې دے

به صرف مقرره وخت کښې صاف ستهرا او شفاف الیکشن کوی، هغه Policy decisions نه شی اغستلے ، هغه زما د صوبې د ټورازم ډیپارټمنټ ټول Assets چې دی، دلته ایډوائزر صاحب به ناست وی، چرته د ټورازم چې څومره د ټورازم ډیپارټمنټ Assets دی، د PTDC motels دی، Hotels دی، Resorts دی، هغه ئے هم دغه فوجیانو ته د Thirty years د پاره په Nominal lease باندې حواله کړی دی او په ریټ باندې، زه دا هم ریکویسټ او دا ډیمانډ کوم د پراونشل ګورنمنټ نه چې هغه فیصله دې Reverse کړی، هغه هم غیر آئینی ده، غیر قانونی ده، غیر اخلاقی ده (تالیاں) او زه دا هم ریکویسټ کوم خپل چیف منسټر ته، خپل پراونشل ګورنمنټ ته چې هغه دې دا SIFC دا اداره Disown کړی۔ ډیره مهربانی او ډیره مننه۔

جناب فضل الہٰی: سپیکر صاحب، یو خبره کوم۔

جناب سپیکر: جی فضل الہٰی۔

جناب فضل الہٰی: سر، ایک بات کروں گا۔

جناب سپیکر: آپ کر لیں، پھر آپ کر لیں، بس میرا خیال ہے اس پہ بڑی اچھی تفصیل سے انہوں نے تمام جو خدشات تھے، ان کا اظہار کر دیا ہے۔

جناب فضل الہٰی: خیر ہے تھوڑا حصہ ہم بھی ڈالیں گے، سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، آپ بھی بول لیں پھر آپ بول لیں سر۔

جناب فضل الہٰی: جناب سپیکر، غنی! یو منټ صبر اوکړه۔

جناب سپیکر: دیکھیں میری ایک بات سنیں، یہ Introduction stage ہے۔

جناب فضل الہٰی: یہ جو ہمارے بھائی نے بات کی، شکیل خان صاحب نے، انہوں نے تفصیل سے بات کی، میرے خیال میں جو بھی مائننگ میں آتے ہیں اور اس میں Invest کرتے ہیں پانچ سال دس سال، مائننگ کا جو کام ہے وہ اس تک پہنچنے کے لئے اتنا ہی وقت درکار ہوتا ہے سپیکر صاحب، اور پھر اس کو وہاں پر سٹاپ کریں گے اور پھر اس کی مائننگ کی جو لیز ہے، اس کو کینسل کیا جائے گا اور ساتھ پھر ایک آفر دیں گے کہ جی جو سب سے زیادہ بولی دینے والا بندہ ہے تو وہ صرف FWO ہے، پاکستانیوں کے خون کو چوسا گیا ہے، اب تو خون ہی نہیں رہا ہم میں، تو وہیں جائیں گے اور اس بل کا ٹوٹل مقصد یہ ہے کہ ہم مقروض رہیں، ہمارے

بچے بھی مقروض رہیں، آپ کے بچے بھی مقروض رہیں، اس قوم کے، اس صوبے کے، کہ اگر ہم یہ وفاق کے حوالے کریں گے، یہ تو میرے خیال میں یہ ظلم ہے، زیادتی ہے اس صوبے کے ساتھ، اس مٹی کے ساتھ، جیسے کہ اب آپ دیکھیں، خیبر پختونخوانے تین دفعہ، ریکارڈ ہے KP کا، سپیکر صاحب، ریکارڈ ہے، تین دفعہ صوبائی حکومت آپ کو دیا ہے، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ خیبر پختونخوا کے عوام آپ لوگوں پر ایمان رکھتے ہیں کہ انصاف والے لوگ ہیں، حق و سچ والے لوگ ہیں۔ یہ بل، جہاں تک میں نے سنا ہے، رات کے گیارہ بجے کیبنٹ سے ایمرجنسی میں پاس کیا گیا اور آج اسمبلی میں لایا گیا ہے، کسی ممبر کو پتہ نہیں اور اس میں جو مائننگ ہے اس کو ٹوٹل FWO کو حوالہ کیا جا رہا ہے جی۔۔۔۔

<u>جناب محمد سہیل آفریدی (معاون خصوصی مواصلات و تعمیرات)</u>: رمضان میں نو بجے رات کو کیبنٹ کی میٹنگ ہوتی تھی۔

<u>جناب فضل الٰہی</u>: جب میں بات کرتا ہوں تو آپ کیوں۔۔۔۔

<u>معاون خصوصی مواصلات و تعمیرات</u>: نہیں، غلط بات کر رہے ہو نا۔

<u>جناب فضل الٰہی</u>: میں غلط نہیں کر رہا ہوں۔

<u>جناب سپیکر</u>: خیر ہے خیر ہے، آپ ٹھہریں، خیر ہے۔ دیکھیں فضل الٰہی خان، آپ کا Point plead ہو گیا۔

<u>جناب فضل الٰہی</u>: آپ نو بجے کریں، دس بجے کریں، ہم غلط بات نہیں کرتے، ہمیں پتہ ہے کہ کس کے کہنے پر یہ کیا جا رہا ہے۔ بس سپیکر صاحب، یہ تین تین دفعہ جو حکومت دی گئی ہے، جیسے کہ کاٹلنگ میں ڈرون اٹیک ہوا ہے، اس طرح کا یہ بھی ایک اور ڈرون اٹیک ہے صوبے کی معیشت پہ، تو لہذا اس بل کو واپس کیا جائے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی عدنان خان۔

<u>جناب عدنان خان</u>: **اعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔** شکریہ جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے تو میں گزارش کرتا ہوں گورنمنٹ بینچز سے اور اپنی جو کیبنٹ ہے، ان سے کہ پہلے تو اس کی Introduction ہونی ہی نہیں چاہیئے کیونکہ جب ایک بل Introduced ہو جاتا ہے تو اس کے اوپر پھر لے دے ہو گی، یہ تو سراسر ہی غلط ہے، اس کے اوپر شکیل خان نے بہت مفصل گفتگو کی ہے اور میں اس گفتگو میں نہیں جانا چاہتا لیکن میری مؤدبانہ گزارش ہے کیونکہ ایک طرف ہم دہشت

گردی کا شکار ہیں اور دوسری طرف ہم اپنے جو وسائل ہیں، اپنے جو ریسورسز ہیں، یہ ہم فیڈرل کے سپرد کر رہے ہیں، اگر فیڈرل نہیں تو ہم کس کے سپرد کر رہے ہیں؟ فوجی جو ادارے ہیں، ان کے سپرد کر رہے ہیں، پھر ہم یہاں پہ گلہ بھی کرتے ہیں کہ ہمارے ساتھ یہ ہو رہا ہے، ہمارے ساتھ وہ ہو رہا ہے، تو ہمارے لئے نہ اس صوبے میں کوئی انڈسٹری ہے، ہمارے لوگ غریب ہیں اور خصوصاً ہمارے قبائل جو ہیں، میں Merged area سے Belong کرتا ہوں، میرے ساتھ Merged area جو ہے وہ Fifty percent سے بھی زیادہ لگا ہوا ہے، تو ہمارے لوگ غریب ہیں، یہ مائنز اینڈ منرلز سے وہ کاروبار چلا رہے ہیں، اگر ہم یہ بھی Strategic assets declare کر دیں، تو میری جتنی بھی معدنیات ہیں وہ تو ساری Strategic assets ہو گئیں، میں کس کس معدنیات کو Strategic assets کی لسٹ سے نکالوں گا؟ ہمیں فوج سے کوئی اختلاف نہیں ہے، فوج ہمارا ادارہ ہے، ہم فوج کے متوالی ہیں، ہم یہ نہیں کہتے ہیں کہ ہم اس کے خلاف ہیں لیکن ہم اپنے حقوق کے اوپر کسی کو قبضہ کرنے نہیں دیں گے، یہ میرا دوٹوک موقف ہے اور میری حکومتی بینچز اور اپوزیشن بینچز سے یہ درخواست ہے کہ خدارا اس کو Introduce نہ ہونے دیں، میں تو کم از کم اپنی حد تک اس کو Introduce ہونے کے خلاف ہوں، میں اس بل کو Introduce بھی نہیں ہونے دوں گا، میں اپنا ووٹ بھی اس کے خلاف دوں گا کیونکہ یہ بدنامی میں اپنے گلے میں طوق باندھ کر نہیں ڈال سکتا ہوں کہ یہ بدنامی میرے گلے پڑ جائے کہ یہ اسمبلی میں بیٹھے ہوئے تھے اور یہ بل پیش کر رہے تھے اور اس کے خلاف آواز نہیں اٹھائی ہے، میں تو اس کو Introduction کے بھی خلاف ہوں۔ Thank you very much.

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد:</u> سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر:</u> دیکھیں، میری ایک بات، میری ایک عرض سن لیں، میری عرض سن لیں، آپ ایک منٹ ہی لیں گی۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد:</u> تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ یہ بل پہلے بھی اس اسمبلی میں آیا تھا جس میں میرے اور احمد کنڈی صاحب کی امنڈمنٹس تھیں اور جس میں یہ سب ہمارے ساتھ متفق تھے اس وقت کہ ہم اس بل کو پاس نہیں کرائیں گے کیونکہ ہمارے صوبے کے لئے یہ ایک نقصان ہے اور ہمارے صوبے کی معیشت کے لئے، اس سے ہمارا صوبہ بہت بڑے خسارے میں جائے گا۔ تو جناب سپیکر صاحب، اس وقت یہ اسمبلی Adjourn ہو گئی تھی اور چاہیئے تھا کہ دوبارہ اگر کیبنٹ اس بل کو ادھر بھجوا رہی ہے اسمبلی میں،

توکم سے کم ہم سب ایم پی ایز کو اس کو کمیٹی میں بھجوانا چاہیئے تھا اور ان سب کا اس میں اظہار خیال، اور اس کا یہ کہ یہ ہونا چاہیئے کہ نہیں جائے گا۔ اور اس دفعہ جو بل آیا ہے، اس کے لئے ہم سب کھڑے ہیں کہ اس کا Introduction بھی نہیں ہوگا۔ سپیکر صاحب، اس طرح کوئی بھی بل، سپیکر صاحب، پلیز توجہ دیں، سپیکر صاحب، یہ بتائیں کہ یہ آپ لوگ کتنے ارب میں یہ ہماری ان منرلز کو بیچ رہے ہیں، اس کا بھی بتادیں آپ لوگ، کیونکہ ہماری اس اسمبلی میں، جب سے یہ پی ٹی آئی کی حکومت آئی ہے تو یہی باتیں ہو رہی ہیں اور تو کچھ بھی نہیں ہے کہ اتنی کرپشن ہوئی ہے، اتنی ہوئی ہے، ایک دوسرے کے اوپر وہ ہو رہے ہیں، ہمارے صوبے کے حالات بھی خراب ہیں اور ساتھ میں ہماری معیشت کو بھی آپ لوگ، جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> ارباب عثمان صاحب، Kindly آپ دومنٹ تشریف رکھیں، گزارش یہ ہے نا، کسی بھی بل کے Introduction کے وقت بڑی Limited اس کی گنجائش ہوتی ہے، جب Consideration Stage پہ آپ جاتے ہیں تو پھر اس پہ Detailed deliberation بھی ہوتی ہے، ڈسکشن بھی ہوتی ہے، سٹینڈنگ کمیٹی کو بھی جاتا ہے، سلیکٹ کمیٹی کو جاتا ہے، اس پہ سپیشل کمیٹی بن سکتی ہے۔ لاء منسٹر صاحب، آپ اس بل کے Principles کو، ذرا ان کو Explain کر دیں، آپ کی بات سے تھوڑی Clarity ہو جائے گی۔

<u>جناب فضل الٰہی:</u> سپیکر صاحب، امنڈمنٹ کا موقع دیا جائے۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد:</u> سپیکر صاحب، میرے خیال میں اس کو ابھی نہیں آنا چاہیئے۔

<u>جناب سپیکر:</u> کیوں نہیں آنا چاہیئے، یہ تو کوئی بات نہیں ہے نا، دیکھیں آپ میری ایک بات سمجھ لیں کہ آپ سمیت سارے میرے لئے معزز ہیں، ہم سارے Representatives ہیں، گورنمنٹ نے بل ہم کو بھیجا ہے، بل کس نے پاس کرنا ہے؟ بل اس اسمبلی نے پاس کرنا ہے، ڈسکشن آپ نے کرنی ہے، اس پہ ووٹ آپ نے کرنا ہے، سٹینڈنگ کمیٹی آپ لوگوں کی ہے، جو سلیکٹ کمیٹی بنے گی وہ بھی آپ لوگوں کی ہوگی، تو جو جو چیز آپ چاہیں گے، دیکھیں صوبے کے مفادات ہمارے وزیراعلیٰ کو بھی عزیز ہیں، ہمارے کیبنٹ ممبرز کو بھی عزیز ہیں، ہم سب کو بھی عزیز ہیں، میں نہیں سمجھتا کوئی آدمی ایسا ہوگا کہ جو صوبے کے مفادات کے اوپر کسی بھی قسم کا کوئی Compromise کرے گا، اس کو میں تو یہ کہتا ہوں کہ ہم Introduce ہونے دیتے ہیں، اس کی جب ہم Consideration کریں گے تو اس کے لئے

Monday والے دن آپ سب تیار ہو کر آئیں، اس کے اوپر ڈسکشن بھی ہو گی، آپ لوگ چاہیں گے تو میں اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کو بھیجوں گا، آپ لوگ چاہیں گے تو میں اس پہ سلیکٹ کمیٹی بنادوں گا اور ایک وسیع کمیٹی بنادوں گا، آپ بالکل اس پہ Detailed deliberation کریں، جو جو چیز آپ سمجھتے ہیں کہ اس سے صوبے کے لوگوں کے حقوق کو نقصان ہو سکتا ہے، وہ بیچ میں سے آپ نکال دیں، اس پہ امنڈمنٹ لائیں، اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے، اگر ہم ایک بل کے Introduce ہونے سے پہلے اتنی لمبی بحث میں چلے جائیں گے تو پھر تو چیزوں کی وقعت نہیں رہے گی۔ Ji, honourable Minister Law, please.

<u>جناب فضل الٰہی</u>: سب ممبران کو کاپیاں Provide کی جائیں اور ٹائم دیا جائے۔

<u>جناب محمد سہیل آفریدی (معاون خصوصی مواصلات و تعمیرات)</u>: اس وقت کاپیاں آپ کے ٹیبل پر ہیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: آپ اس کو Introduce ہونے دیں پھر ٹائم بھی دیں گے۔ جی آفریدی صاحب، ٹھہریں آفریدی صاحب کی بات سن لیتے ہیں، پھر ریاض خان! آپ کہنا چاہتے ہیں اس میں کچھ؟

<u>معاون خصوصی مواصلات و تعمیرات</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ۔ شکریہ جناب سپیکر، دراصل مسئلہ یہاں پر یہ آرہا ہے کہ کسی نے بھی ان امنڈمنٹس کو پڑھا نہیں ہے اور صرف سوشل میڈیا کی وجہ سے یہاں پر اعتراضات کر رہے ہیں لیکن کوئی بھی ٹھوس ایک چیز پر Comment نہیں کر رہا کہ ہمیں اعتراض اس چیز پر ہے، پہلی بات۔ دوسری بات، یہ بل صرف یہاں Introduce ہونے جا رہا ہے، اس کے بعد آپ ٹائم دیں، ہر بندہ اپنی اپنی امنڈمنٹس لے کر آئے، جس جس پوائنٹ پر اعتراض ہے، ہم یہاں ساڑھے چار کروڑ پانچ کروڑ لوگوں کی نمائندگی کر رہے ہیں، یہاں یہ اسمبلی معزز ہے، مقدس ہے، یہاں پر پورے خیبر پختونخوا کے لوگوں کی نمائندگی ہو رہی ہے اور ہمارا جو منتخب کردہ پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی پارٹی کا وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا جناب علی امین گنڈا پور صاحب، وہ کسی دوسرے صوبے سے نہیں ہیں، وہ اسی خیبر پختونخوا سے Belong کرتے ہیں اور نہ ہی وہ پہلی دفعہ آئے ہیں، وہ مسلسل بارہ سال سے اس سسٹم کا حصہ ہیں، اس سے پہلے جو بل آرہا تھا، اس میں کافی پیچیدگیاں تھیں اور کافی اعتراضات تھے، اس کے لئے ایک کمیٹی بنائی گئی تھی کیبنٹ کمیٹی، کمیٹی نے ایک ایک چیز خود پڑھی ہے، اس کے بعد اپنی پوری کوشش سے یہ بل کیبنٹ کے سامنے پیش کیا ہے اور کیبنٹ نے یہاں اسمبلی کو بھیجا ہے، یہاں پر کافی Minds ہیں، تقریباً ہمارے یہاں پر 115 سے زیادہ ایم پی ایز صاحبان ہیں اور تمام کاپیاں ان کے ٹیبل پر پڑی ہیں، Read کریں، اس میں جو ہمارے محترم دوست شکیل

بھائی نے بات کی کہ SIFC ، تو ایسا کچھ نہیں ہے، اس میں ہماری Mineral Investment Facilitation Authority بن رہی ہے جس کو ہمارے خیبر پختونخوا کے لوگ ہی ہیڈ کریں گے۔ جناب سپیکر، یہاں پر Page 28 پر اگر آپ دیکھیں تو Establishment of Mineral Investment Facilitation Authority اس کو ہیڈ وہ Minister for Mineral Development Authority کریں گے، (مداخلت) میں آپ کو اندرونی کہانی بتاتا ہوں، میں آپ کو بتاتا ہوں، اندرونی کہانی یہ ہے کہ ہماری خیبر پختونخوا کیبنٹ کی جو میٹنگز تھیں رمضان میں، وہ دو میٹنگز ہوئی ہیں اور دونوں رات کے نو بجے سٹارٹ ہوئی ہیں، یہ بل رات کے گیارہ بجے پیش نہیں ہوا، یہ ساڑھے گیارہ بجے پیش ہوا، اس کے بعد اس پر مسلسل دو گھنٹے بحث ہوئی، اس میں جو اعتراضات ہماری کیبنٹ ممبرز کی طرف سے لگائے گئے ان کو دور کیا گیا، اس کے بعد یہاں اسمبلی میں آیا۔ جناب سپیکر، مسئلہ یہ ہے کہ حقیقت یہ ہے کہ ہماری جو جہاں پر SIFC کی بات آجاتی ہے تو یہ اپنا اعتماد کھو چکے ہیں، تو وہاں پر عوام میں بھی Reaction آتا ہے، پارلیمنٹیرینز کی طرف سے بھی Reaction آتا ہے لیکن خیبر پختونخوا کی ایک چیز پر ہم خیبر پختونخوا سے باہر کسی کو بھی (چیز پر) ان شاء اللہ وتعالیٰ نہ ڈاکہ ڈالنے دیں گے، نہ ان کو اختیار دیں گے کہ وہ خیبر پختونخوا میں کسی بھی چیز پر اپنا حق جمائیں۔ (تالیاں) جناب سپیکر، صرف ایک چیز ہے Strategic minerals، اس پر ہم سب کا اعتراض تھا، Strategic minerals پر ہم تمام کیبنٹ ممبرز کا یہ مؤقف تھا کہ اس کو Specified کریں کیونکہ Strategic minerals میں جیسے آئل اینڈ گیس یا یورینیم وغیرہ آتے ہیں، ان کو Specified کریں کہ ان میں کون کون سی منرلز آتی ہیں، ایسا نہ ہو کہ کل وفاق ان Strategic minerals میں ہمارا Nephrite بھی ڈال دے، کوئلہ بھی ڈال دے یا جو ہماری باقی منرلز ہیں وہ سب ڈال دے، صرف اس چیز پر ہمارا اعتراض تھا اور تمام کیبنٹ ممبرز کا اعتراض تھا جو ہمارے سی ایم صاحب نے سنا، تو برائے مہربانی تمام اس چیز کو سٹڈی کریں، ہم بھی ایک دفعہ پھر سٹڈی کرتے ہیں، اس کے بعد آپ ٹائم دیں، بل پیش ہونے دیں، اس کے بعد خیبر پختونخوا کے عوام کے حق میں جو بہتر ہوگا وہی فیصلہ ہم مشترکہ فیصلہ کریں گے، ان شاء اللہ وتعالیٰ۔ بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: ریاض خان صاحب۔

<u>جناب ریاض خان</u>: جی۔

جناب عدنان خان:   سپیکر صاحب، اس پہ ووٹنگ کریں۔

جناب سپیکر: نہیں، ووٹنگ کی گنجائش نہیں ہے نا، کوئی گنجائش نہیں ہے، مجھے کوئی قانونی راستہ دکھائیں، آپ کے ذہن میں یہ خدشات کیوں ہیں؟ میری گزارش سن لیں عدنان خان، جب اس بل کو اس اسمبلی نے پاس کرنا ہے، آپ ووٹ دیں گے تو یہ پاس ہوگا، آپ اس پہ ڈسکشن کریں گے، آپ اس کی ہر شق پہ Deliberation کریں گے، آپ اس پہ ایکسپرٹس کو بلائیں گے، جب میں بحیثیت سپیکر آپ کو کہہ رہا ہوں کہ جب ہم اس کو Consideration stage پہ لے جائیں گے، آپ کہیں گے کہ اسے سٹینڈنگ کمیٹی کو ریفر کریں، میں ادھر ریفر کروں گا، آپ کہیں گے سلیکٹ کمیٹی بنائیں، میں اس پہ سلیکٹ کمیٹی بناؤں گا اور With direction اگر سٹینڈنگ کمیٹی کو کریں گے تو ہم چیئرمین کو ڈائریکشن دیں گے کہ آپ ایکسپرٹس کو بھی بلائیں، Mine owners کو بھی بلائیں اور جتنے ہمارے ایم پی ایز صاحبان Merged districts کے ہیں یا Settled districts کے ہیں، ان کو بھی بیچ میں Invite کریں، Deliberation کریں، جتنے دن آپ لیں گے، جتنے دن آپ چاہتے ہیں، اس پہ Deliberation کریں، ٹھیک ہے نا، اس میں کوئی ابہام نہیں ہے۔

جناب فضل الہیٰ:   سر، Withdraw کرلیں۔

جناب سپیکر:   نہیں، Withdraw کیسے؟ ابھی تو پیش بھی نہیں ہوا، Withdraw کدھر سے کرلیں؟ جی ریاض خان۔

جناب ریاض خان: شکریہ سپیکر صاحب، اس طرح ہے کہ یہاں پر تحریک انصاف کی ہماری حکومت ہے اور جتنی بھی ریفارمز، اصلاحات، قانون سازی ہوئی ہے اس صوبے میں، وہ عوام کی فلاح و بہبود کے لئے ہی ہوئی ہے، اس طرح کی کوئی بات نہیں ہے اور نہ ہوگی، ان شاءاللہ جو ہوگا وہ عوامی مفاد کے لئے ہوگا اور عوام کے نقصان کے لئے نہیں ہوگا۔ اس صوبے کے مفادات کے لئے اور اس صوبے کے عوام کے لئے ہی یہاں پر جو یہ جرگہ ہے سارا اور تحریک انصاف کی حکومت ہے، تو عوام کی فلاح و بہبود کے لئے ہی کام کرتے رہیں گے۔ جناب سپیکر، اس بل کے حوالے سے صرف یہ خدشات ہیں کہ اس صوبے میں جو 1986 سے ایک رجسٹرڈ تنظیم ہے اور وہ ہے Frontier Mines Owners Association، پہلے بھی ہم نے دیکھا، یہاں پر جو رائیلٹی کے حوالے سے جو ریٹس حکومت نے Increase کئے تھے تو اس میں بھی یہ تنظیم ہی بیٹھ کر حکومت کے ساتھ اور باہمی اتفاق رائے اور Consent کے ساتھ ہی وہ معاملہ طے کیا گیا

تھا۔ ابھی اس بل میں ایک یہ ہے کہ ابھی ڈھائی بجے دو بجے اس تنظیم Frontier Mines Owners Association، ان لوگوں نے پریس کانفرنس کی ہے ابھی پشاور پریس کلب میں، کہ اس بل کے حوالے سے، یہ ایک سٹیک ہولڈر ہے، اس حوالے سے، کیونکہ سارا کام انہی کے Through ہی ہو رہا ہے، تو ان کے یہ اعتراضات اور تحفظات ہیں کہ ہمیں اعتماد میں نہیں لیا گیا، گزارش میری یہی ہے کہ جتنے بھی Stakes، اس میں یہی کہا گیا ہے کہ جو کل کو لوگ ملے تھے، وہ ایک جعلی تنظیم تھی، وہ لوگ ہیں ہی نہیں کہ جو Own کر رہے ہیں اس تنظیم کو، یہ ریکارڈ پہ ہے، ابھی پریس ریلیز بھی ان کی آچکی ہے، تو صرف یہ میری گزارش ہے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہو گیا، آپ کی بات سامنے آگئی۔

جناب ریاض خان: یہ میری گزارش ہے کہ جو Main stakeholders ہیں، ان کو ساتھ بٹھا کر اس ہاؤس سے کمیٹی بنا کر اس میں حکومت کے لوگ ہوں، اپوزیشن کے بھی لوگ ہوں اور وہ ساتھ بیٹھ کر اس کو ڈسکس کر لیں، عوام کی فلاح و بہبود کے لئے اور پھر ہاؤس میں لے کر آئیں جس سے عوام کو فائدہ ہو، تو اس میں کوئی دو رائے ہی نہیں ہو گی کہ اس کو یہاں پر ہم پاس نہیں کریں گے، یہ ایک میری گزارش ہے۔

جناب سپیکر: Okay. ٹھیک ہے، آپ سب کی رائے سامنے آگئی، کوئی بات مخفی نہیں ہے۔

Minister for Law, to please introduce the said Bill. Honourable Minister for Law, please.

Minister for Law: Thank you, Mr. Speaker. I intend to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Mines and Mineral Bill, 2025, in the House.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

